# اشتہار برائے نیلامی سال (27-2026) محکمہ صحت سیدو گروپ آف ٹیچنگ ہاسپٹلز سوات

## (قواعد و ضوابط برائے نیلامی)

ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سیدو ہسپتال میں مختلف کنڈم اشیاء کی نیلامی جن میں الیکٹرو میڈیکل سامان، الیکٹریکل سامان، آئرن بیڈز، اور بیڈ سائیڈ لاکر وغیرہ شامل ہیں۔ زر ضمانت کال ڈیپازٹ مبلغ (50) پچاس ہزار روپے بولی دینے سے پہلے دفتر ہذا میں جمع کرنا ہوگی۔ نیلامی تاریخ 19-08-2026 کو بروز بدھ بوقت 10:00AM بجے ایم ایس آفس کانفرنس روم میں ہوگی۔

## شرائط و ضوابط:-

(1) درجہ بالا کنڈم اشیاء جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر کھلی بولی مطلوب ہے۔ (2) مختلف کنڈم اشیاء کی سامان کو پہلے سے دیکھنے کیلئے بتاریخ 17,18-08-2026 بوقت 10 بجے ایم ایس آفس مین سٹور آفس میں آنا ہوگا۔ جب کہ نیلامی کا تاریخ 19-08-2026 کو ہوگی۔ (3) خواہشمند حضرات بنام ایم ایس سیدو گروپ آف ٹیچنگ ہاسپٹلز سوات بمقام ایم ایس آفس سیدو شریف سوات زر ضمانت بشکل کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) جمع کرانا ہوگا۔ (4) درخواست برائے شمولیت بمعہ کال ڈیپازٹ (اوریجنل اور فوٹوسیٹ) اور شناختی کارڈ کی کاپی 19-08-2026 کو صبح 09:30 بجے تک زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کرانا ہوگا مقررہ وقت گزرنے کے بعد کال ڈیپازٹ وصول نہیں کی جائیگی۔ نیز نقد زر ضمانت کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔ کال ڈیپازٹ شیڈول بینک سے جاری ہونا چاہیے۔ (5) کامیاب بولی دہندگان کل بولی کا 1/4 حصہ موقع پر ادا کریگا۔ جس میں زر ضمانت کی رقم شامل نہیں ہوگی بقایا 3/4 حصے کے رقم نیلامی کے منظوری کے فوراً بعد جمع کرانا ہوگا زر ضمانت کی رقم (کال ڈیپازٹ) نیلامی کی کاروائی مکمل ہونے اور سامان ہٹانے کے بعد واپس ہوگا۔ (6) آفیسر مجاز نیلامی کے سارے امور تسلی بخش طریقے سے پایا تکمیل تک پہنچائے گا۔ علاوہ ازیں آفیسر مجاز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر اس ساری کاروائی کو کینسل یا معطل کریں۔ (7) نیلامی کے ورک آرڈر ملنے کے بعد سارا سامان ایک ہفتے (07 دن) کی اندر مکمل ہٹانا ہوگا۔ (8) نیلامی والی جگہ میں صرف ان افراد کو آنے کی اجازت ہوگی جس نے مقررہ تاریخ برائے نیلامی صحیح وقت پر کال ڈیپازٹ اور درخواست جمع کرائے ہو اور قومی شناختی کارڈ ساتھ ہو۔ (9) اگر کامیاب بولی دہندہ تخمینہ لاگت کا 1/4 اور 3/4 رقم وقت پر جمع نہیں کرتا اور بولی کی کاروائی سے انکار کرے تو وہندہ کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کیا جائیگا اور نیلامی دوسرے یا تیسرے دہندے کو نہیں دی جائے گی بلکہ نیلامی کا دوبارہ اشتہار کیا جائے گا۔ (10) مزید معلومات دفتر ہذا سے کسی بھی دفتری اوقات کار میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

**میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (سیدو گروپ آف ٹیچنگ ہسپتال سوات)**

CamScanner